حصہ دوم (کل نمبر20)

سوال نمبر 2 درج ذیل پیراگراف پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (8)

(الف) آج کا دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ دنیا میں نت نئی ایجادات روزمرہ کا معمول بن گیا ہے۔ جس کے نتیجے میں زندگی کے تمام شعبوں میں غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ آج کے دور میں ذرائع ابلاغ کو ہر گھر میں پہنچا دیا گیا ہے۔ ذرائع ابلاغ سے مراد وہ تمام ذرائع ہیں جن کی مدد سے ہم اپنی بات دوسروں تک پہنچاتے ہیں مثلاً اخبار، ریڈیو، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون، انٹرنیٹ، رسائل اور جریدے وغیرہ۔ یہ ذرائع لوگوں کو اطلاعات و معلومات پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔ ان کی بدولت تعلیم، تفریح اور دیگر معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ کسی بھی ملک کے ذرائع ابلاغ اس کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایسے ذرائع ابلاغ جو معلومات اور اطلاعات کو شائع کر کے لوگوں تک پہنچاتے ہیں، پرنٹ میڈیا کہلاتے ہیں۔ جیسے اخبار، رسائل اور جریدے وغیرہ۔ ایسے ذرائع ابلاغ جو برقی لہروں کے ذریعے اطلاعات لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا کہلاتے ہیں۔ پاکستان میں الیکٹرانک میڈیا کے ذرائع ریڈیو، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ اور ٹیلی فون ہیں۔

سوالات:

(i) ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟

ج) ذرائع ابلاغ سے مراد وہ تمام ذرائع ہیں جن کی مدد سے ہم اپنی بات دوسروں تک پہنچاتے ہیں

(ii) الیکٹرانک میڈیا کسے کہتے ہیں؟

ایسے ذرائع ابلاغ جو برقی لہروں کے ذریعے اطلاعات لوگوں تک

(iii) ذرائع ابلاغ کیا کام انجام دیتے ہیں؟

____

(iv) آپ کون سا ذرائع ابلاغ شوق سے استعمال کرتے ہیں اور کیوں؟

____

(ب) دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ (6)

(i) ترقی کے معنی ہیں۔ (1)

(الف) آگے بڑھنا۔ (ب) پیچھے ہونا۔ (ج) زوال۔

(ii) پیراگراف سے چُن کر لکھیں۔ (2)

(الف) اسم معرفہ ____________۔ (ب) اسم نکرہ ____________۔

(iii) درست جواب پر (✓) اور غلط پر (X) نشان لگائیں۔ (1)

(الف) کسی بھی ملک کے ذرائع ابلاغ اس کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ (   )

(ب) اخبار الیکٹرانک میڈیا کی قسم ہے۔ (   )

(iv) خالی جگہ پُر کریں۔ (2)

(الف) آج کا دور ____________ اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔

(ب) ذرائع ابلاغ کی بدولت ____________ تفریح اور دیگر معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔

(ج) پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے ذرائع کے نام لکھیں۔ (6)



~~~~~~~~~

Scanned with CamScanner
~~~~~~~~~